105378 _ تعویذ جوشن

سوال

ورد جوشن كا ايك نسخہ ہم سوال كے ساتھ بھيج رہے ہيں تا كہ آپ اس سلسلہ ميں اپنى رائے كا ظاہر كريں: اس كے متعلق كئى ايك سوالات ہيں:

1 _ كيا ورد جوشن امام جعفر صادق اور امير المومنين على بن ابى طالب اور ان كے بيٹے حسن رضى اللہ تعالى عنہما سے مروى ہے يا كہ كسى نے اپنى جانب سے ہى ايجاد كر ليا ہے ؟

2 _ كيا يہ ورد بالفعل بڑى اور مراجع كتب ميں پايا جاتا ہے ؟

3 _ اگر ميں اسے پڑھوں اور محفوظ ركھوں تو كيا مجھے گناہ ہوگا ؟

اور اگر اسے جلا كر چھٹكارا حاصل كروں تو كيا ميں گنہگار ہوں ؟

اس كو اگر ورد نہ بنايا جائے بلكہ ويسے ہى پڑھا جائے كيونكہ اس ميں اللہ كے نام اور صفات پائى جاتى ہيں اس سلسلہ ميں آپ كى رائے كيا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

حرز الجوشن نامى ورد كو اپنانا اور اس پر عمل كرنا جائز نہيں، اور اس ميں جو كچھ بيان ہوا ہے كئى ايك وجوہات كى بنا پر اس كى تصديق كرنا بھى جائز نہيں ہے:

اول:

اس كى كوئى معروف سند نہيں، اور نہ ہى معتبر علماء حديث نے اسے روايت كيا ہے، بلكہ ان ميں سے كسى كى طرف منسوب بھى نہيں.

دوم:

يہ بہت زيادہ جھوٹ اور كذب بيانى پر مشتمل ہے، مثلا صفحہ نمبر (1) پر لكھا ہے:

" جو كوئى اسے گھر سے نكلتے وقت صبح يا عشاء كے وقت پڑھےگا اسے اعمال صالحہ كى خصوصيت حاصل ہو گى، گويا كہ اس نے تورات اور انجيل اور زبور اور قرآن مجيد پڑھا ہے " كيونكہ اللہ كتابوں كے برابر كچھ نہيں ہو سكتا.

اس کے بعد پھر کہتا ہے:

" اللہ تعالی اسے ہر پڑھے جانے والے حرف کے بدلے دو حور عین عطا کریگا، اور اس کے لیے جنت میں گھر بنائیگا، اور اسے اللہ تعالی چار انبیاء ابراہیم اور موسی اور عیسی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم جتنا ثواب دیگا"

یہ بالکل واضح جھوٹ اور کذب بیانی ہے، کیونکہ انبیاء کا ثواب انبیاء کرام کے علاوہ کوئی اور نہیں پا سکتا.

اور صفحہ نمبر (2) میں لکھا ہے:

" اللہ تعالی اسے سب مومن جنوں اور انسانوں کی پیدائش سے لیکر قیامت تك كا ثواب اسے پڑھنے والے کو دیگا، اور اللہ تعالی اسے نو سو شہیدوں کا اجر دیگا "

پھر اس کے بعد والے صفحات میں اور زیادہ کذب بیانی سے کام لیا گیا ہے.

اور صفحہ نمبر (5) پر کہتا ہے:

" یہ دعا محبت و قبول، اور زبان کی گرہ کھولنے، اور حکمرانوں و بادشاہوں اور امراء سے ملنے اور ہر قسم کی گولی اور لوہے کے اوزار اور اسلحہ کو دور کرنے اور ضروریات پوری کرنے میں فائدہ مند ہے.... الخ "

ظاہر یہی ہوتا ہے کہ یہ ورد اور دعا شیعہ حضرات نے لوگوں کو کتاب و سنت سے دور کرنے کے لیے بنائی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء

الشيخ عبد العزيز بن عبد اللہ بن باز

الشيخ عبد اللہ بن غديان

الشيخ صالح الفوزان

الشيخ عبد العزيز آل شيخ

الشيخ بكر ابو زيد .